حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات(Short Questions)

نوٹ:کل15سوالات کا حل مطلوب ہے۔ہر سوال کے03نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر1:کیا دنیا ہمیشہ رہے گی؟

سوال نمبر2:کیا جن اور فرشتے بھی نبی ہوتے ہیں؟

سوال نمبر3:علم اسماء کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر4:آسمانی کتاب کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر5:قرآن شریف کس لئے نازل کیا گیا؟

سوال نمبر6:کیا ہندوؤں کے پاس کوئی خدائی کتاب ہے؟

سوال نمبر7:ہر آدمی کے ساتھ ایک ہی فرشتہ عمر بھر اس کے عمل لکھتا ہے یا کئی فرشتے؟

سوال نمبر8:کیا کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جن سے قبر میں سوال نہیں ہوتا؟

سوال نمبر9:حساب کے بعد آدمی کہاں جائیں گے؟

سوال نمبر10:کیا جنّت اور دوزخ پیدا ہو چکی ہیں یا پیدا کی جائیں گی؟

سوال نمبر11:کفار نے جب بنو ہاشم کا مکمل بائیکاٹ کیا تو بنو ہاشم کہاں محصور ہو کر رہ گئے؟

سوال نمبر12:سفر طائف میں حضور ﷺ نے شریر لوگوں کی شرارت سے بچنے کے لیے کس جگہ پناہ لی؟

سوال نمبر13:حضور ﷺ نے قبیلۂ قریش کو دعوت اسلام کس پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر دی؟

سوال نمبر14:جس مسجد میں قبلہ کی تبدیلی کا حکم نازل ہوا اس مسجد کو کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر15:حضور ﷺ کی اونٹنی کس صحابی کے مکان کے قریب بیٹھی تھی؟

سوال نمبر16:ابو جہل کو کن دو بھائیوں نے واصل جہنم کیا؟

سوال نمبر17:حضور ﷺ ابتدائے اسلام میں خفیہ طور پر صحابہ کرام علیہم الرضوان کی تربیت کس جگہ فرماتے تھے؟

سوال نمبر18:خانہ کعبہ میں کتنے بُت تھے؟

سوال نمبر19:حضور ﷺ پر جب وحی نازل ہونا شروع ہوئی تو اس کی ابتدائی کیفیت کیا تھی؟

سوال نمبر20:حضور ﷺ نے ہجرت کی رات اپنے بستر پر کس کو سُلایا؟

طویل سوالات(Long Questions)

نوٹ:کل03سوالات کا حل مطلوب ہے۔ہر سوال کے10نمبر ہیں۔(3x10=30)

سوال نمبر1:**دابۃالارض** کیا چیز ہے؟

سوال نمبر2:قیامت کی10نشانیاں بیان کیجئے۔

سوال نمبر3:کیا سب مسلمان جنّت میں جائیں گے اور سب کافر دوزخ میں؟اور یہ دونوں جنّت و دوزخ میں کتنا عرصہ رہیں گے؟

سوال نمبر4:شہدائے احد کو کہاں اور کس طرح دفن کیا گیا؟

سوال نمبر5:جنگ بدر کے قیدیوں میں جو کفار درہم کا فدیہ نہیں دے سکے تو انہیں کس چیز کے عوض آزاد کیا گیا؟